Estd. 1860

# مری بروری کمپنی لمیٹڈ

MURREE BREWERY
Company Limited

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

مری بروری کمپنی لمیٹڈ کا غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) مورخہ 24 جولائی 2023ء بروز پیر صبح 10 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، 3-نیشنل پارک روڈ، راولپنڈی میں منعقد ہوگا جس میں درج ذیل امور کی انجام دہی کی جائے گی:

**عمومی امور**

1- کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(1) کے مطابق 27 جولائی 2023 سے شروع ہونے والی تین (03) سال کی اگلی مدت کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے مقرر کردہ کمپنی کے سات (07) ڈائریکٹرز کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں جو دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں:

i - چوہدری معین افضل
ii - جناب اسفن یار ایم بھنڈارا
iii - جناب عامر حسین شیرازی
iv - مسز گوشی ایم بھنڈارا
v - پروفیسر خالد عزیز مرزا
vi - جناب شہباز حیدر آغا
vii - جناب پرویز اختر
viii - محترمہ جہاں آراء سجاد احمد

**خصوصی امور**

2- ممبران سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے حصے کے طور پر فعال کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی سرکولیشن کی منظوری دینا اور مندرجہ ذیل قرارداد کو ترمیم کے ساتھ یا بغیر کسی ترمیم کے عام قرارداد کے طور پر منظور کرنا:

"قرار پایا کہ مری بروری کمپنی لمیٹڈ ("کمپنی") کے ممبران کی رضامندی اور منظوری حاصل کی جاتی ہے اور کمپنی کو اپنے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے حصے کے طور پر کیو آر فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بھیجنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔"

"مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکریٹری اس قرارداد کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام اقدامات، اور ضروری کارروائی کرنے یا اس پر عملدرآمد کرنے کا مجاز ہے۔"

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 166(3) اور 134(3) کے تحت خصوصی امور سے متعلق بیانات کو شیئر ہولڈرز کو جاری کردہ ای او جی ایم کے نوٹس کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔

بحکم بورڈ
چوہدری وقار اے کاہلوں
کمپنی سیکریٹری
راولپنڈی
26 جون 2023

**نوٹس**

1- **غیر معمولی اجلاسِ عام کا الیکٹرانک نوٹس:**

کمپنی نے ای او جی ایم کا نوٹس پراکسی فارم کے ساتھ (انگریزی اور اردو زبانوں میں) اپنی ویب سائٹ www.murreebrewery.com پر مہیا کردیا ہے۔

2- **شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:**

کمپنی کی شیئر ز ٹرانسفر بکس 18 جولائی 2023 سے 24 جولائی 2023 (دونوں دن بشمول) تک بند رہیں گی اور اس عرصے کے دوران رجسٹریشن کے لیے حصص کی کوئی منتقلی قبول نہیں کی جائے گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر "سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی" میں مورخہ 17 جولائی 2023ء کو کاروبار کے اختتام پر موصول ہونے والی فزیکل ٹرانسفرز کو اجلاس میں شرکت اور ووٹنگ کے مقصد سے بروقت تصور کیا جائے گا۔

3- **ویڈیو لنک کے ذریعے ای او جی ایم میں شرکت:**

کمپنی نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی سہولت کا انتظام کیا ہے۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لئے ممبران اور ان کے پراکسیز سے درخواست ہے کہ وہ مورخہ 21 جولائی 2023 کو یا اس سے پہلے general.meetings@murreebrewery.com پر ای میل کے ذریعے "مری بروری کمپنی لمیٹڈ ای او جی ایم کے لئے رجسٹریشن" کے موضوع کے ساتھ شناختی کارڈ/ پاسپورٹ کی درست کاپی کے ساتھ درج ذیل معلومات فراہم کر کے اپنا اندراج کروائیں:

| ممبر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر/فولیو نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ اراکین کو کمپنی کی طرف سے اسی ای میل ایڈریس پر ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا جو کمپنی کو فراہم کیا گیا ہے۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے آغاز سے اس کی کارروائی مکمل ہونے تک کھلی رہے گی۔

4- **ڈائریکٹرز کا انتخاب**

کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہے، چاہے وہ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر ہوں یا کوئی اور صورت ہو، ای او جی ایم کی تاریخ سے چودہ دن پہلے مندرجہ ذیل دستاویزات اور معلومات کے ساتھ 3-نیشنل پارک روڈ، راولپنڈی میں واقع کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اپنے آپ کو ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب کے لئے پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس جمع کرائیں گے:

(a) امیدوار کا فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی شرکاء نمبر/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر۔
(b) کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 167 کے تحت فارم 28 پر ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے کی رضامندی۔
(c) 03 اکتوبر 2019 کو ایس ای سی پی کے ایس آر او 1196(1)/2019 کے تحت اپنے دفتر کے پتے کے ساتھ ایک تفصیلی پروفائل۔
(d) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی)/ پاسپورٹ اور قومی ٹیکس نمبر (این ٹی این) کی تصدیق شدہ کاپی۔
(e) دیگر اداروں/عہدوں کی تفصیلات۔
(f) غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر ایک بیان حلفی جس میں اس بات کی تصدیق کی جائے کہ:

- وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 153 اور کسی بھی دیگر قابل اطلاق قوانین/ضوابط کے تحت کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لئے نااہل نہیں ہیں۔
- وہ بیک وقت سات سے زیادہ لسٹڈ کمپنیوں کے ڈائریکٹر کی حیثیت سے خدمات انجام نہیں دے رہے ہیں جس میں متبادل ڈائریکٹر بھی شامل ہوں۔
- وہ قابل اطلاق قوانین، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019، میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن آف کمپنی اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے لسٹنگ ریگولیشنز کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہیں۔

(g) آزاد ڈائریکٹر کی حیثیت سے انتخاب لڑنے والے افراد کو غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر ایک بیان حلفی جمع کرانا ہوگا کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 اور اس کے تحت جاری کردہ قواعد و ضوابط کے مطابق اہلیت اور آزادی کے معیار پر پورا اترتے ہیں اور ان کے نام کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166(1) میں ذکر کردہ ڈیٹا بینک میں درج ہیں۔
(h) امیدواروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 میں بیان کردہ ڈائریکٹرز کی تقرری/ انتخاب سے متعلقہ دفعات/ ہدایات کو پڑھیں اور ان کی تعمیل کو یقینی بنائیں۔

5- **پراکسی مقرر کرنے کا حق:**

اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھنے والا کوئی رکن کسی دوسرے رکن کو پراکسی کے طور پر مقرر کرسکتا ہے جو اس کی طرف سے شرکت کرے، گفتگو کرے اور ووٹ دے۔ پراکسی کو کمپنی کا رکن ہونا ضروری ہے۔ دو افراد کی جانب سے دستخط شدہ اور گواہی والے فارم کو کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں میٹنگ کے انعقاد کے وقت سے 48 گھنٹے قبل موصول ہونا ضروری ہے۔ شیئر ہولڈرز کو دیے گئے ای او جی ایم کے نوٹس کے ساتھ انگریزی اور اردو زبانوں میں پراکسی فارم بھی مہیا کیا گیا ہے۔

6- جن ممبران نے سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("سی ڈی سی") میں اپنے حصص جمع کرائے ہیں انہیں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے وضع کردہ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

**اجلاس میں شرکت کے لئے**

(a) انفرادی فرد ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت شرکاء کے شناختی کارڈ نمبر اور اکاؤنٹ نمبر کے ساتھ اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔
(b) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی جس میں نامزد کے نمونے کے دستخط ہوں گے (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

**پراکسیوں کی تقرری کے لئے**

(a) افراد کے معاملے میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔
(b) پراکسی فارم کو دو افراد تصدیق کریں گے، جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔
(c) شناختی کارڈ یا فائدہ مند مالکان کے پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں اور پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔
(d) پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔
(e) کارپوریٹ ادارے کے معاملے میں، نمونہ دستخط کے ساتھ بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ پیش کیا جائے گا (جب تک کہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

7- **درست شناختی کارڈ کاپی جمع کرانا:**

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ایس ای سی پی کی ہدایت کے مطابق اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی جمع کرائیں، اگر پہلے سے فراہم نہیں کی گئی۔

8- **ایڈریس کی تبدیلی:**

ممبران سے گزارش ہے کہ ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار "سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو فوری طور پر مطلع کریں۔

9- **پوسٹل بیلٹ/ ای ووٹنگ:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(1) کے تحت اگر امیدواروں کی تعداد بطور ڈائریکٹرز انتخاب کے لئے بورڈ کی مقرر کردہ تعداد کے مقابلے زیادہ ہوئی تو اس صورت میں کمپنی اپنے ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی سہولت فراہم کرے گی۔

نوٹ: اردو اور انگریزی اشتہارات کی عبارت میں کسی تضاد کی صورت میں انگریزی اشتہار کی عبارت کو درست تصور کیا جائے۔